11761 ـ بیوی نے کہا مجھے طلاق دو تو خاوند نے کہا میں موافق ہوں

سوال

اگر بیوی خاوند کو کہے کہ مجھے طلاق دے دو تو خاوند کہے میں اس پر موافق ہوں تو کیا طلاق واقع ہو جائیگی یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میں نے شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال کیا:

بیوی نے اپنے خاوند سے کہا: مجھے طلاق دو، تو خاوند نے کہا میں موافق ہوں.

یا بیوی نے خاوند سے کہا: میں طلاق چاہتی ہوں تو خاوند نے کہا: میں موافق ہوں، تو کیا اس سے طلاق واقع ہو جائیگی یا نہیں ؟

شیخ رحمہ اللہ نے جواب دیا:

اس سے طلاق واقع نہیں ہوگی.

واللہ اعلم .